A

910

സമഗ്ര ശിക്ഷാ, കേരളം

അർദ്ധ വാർഷിക മൂല്യനിർണയം 2022 - 23

ഉർദു

ക്ലാസ്: IX

സമയം : 1½ മണിക്കൂർ

ആകെ സ്കോർ : 40

നിർദ്ദേശങ്ങൾ

- ആദ്യ 15 മിനിറ്റ് സമാശ്വാസ സമയമാണ്. ചോദ്യങ്ങൾ വായിക്കാനും ഉത്തരങ്ങൾ ക്രമപ്പെടുത്താനും ഈ സമയം വിനിയോഗിക്കേണ്ടതാണ്
- ചോദ്യങ്ങളും നിർദ്ദേശങ്ങളും ശ്രദ്ധാപൂർവം വായിച്ച് ഉത്തരമെഴുതുക.
- ഉത്തരമെഴുതുമ്പോൾ സ്കോർ, സമയം എന്നിവ പരിഗണിക്കണം.

---

1 سے 4 تک کے سوالوں سے کسی 3 کے جواب لکھیے۔ 3x1=3

1 ہم محنت کش جگ والوں سے جب اپنا حصہ مانگیں گے 1
اک کھیت نہیں ایک باغ نہیں ہم ساری دنیا مانگیں گے
بچّو، ان اشعار کا شاعر کون ہے؟
[نازاں جمشید پوری، فیض احمد فیض، الطاف حسین حالی]

2 'یومِ مزدوری' مزدوروں کا دن ہے۔ یہ کب منایا جاتا ہے؟ 1
[۱۵/اگست، ۲/اکتوبر، ۱/مئی]

3 صحیح جملہ کون سا ہے؟ چن کر لکھیے۔ 1
a] سلیم کالج میں پڑھتی ہے۔
b] سلیم کالج میں پڑھتے ہو۔
c] سلیم کالج میں پڑھتا ہے۔

4 نیچے چند کرداروں کے نام ہیں۔ ان میں سے کہانی 'لاجواب جوتے' کے کرداروں کے نام چن کر لکھیے۔ 1
[گڈو، قاضی، یوسف، مچھندر]

5 سے 8 تک کے سوالوں سے کسی تین کے جواب لکھیے۔ 3x2=6

5 مناسب لفظ چن کر گروہ بھریے [سہیل عظیم آبادی، فرحت اللہ بیگ، سلیمان خطیب] 2

a	امتحان	....	نگران کار صاحب
b	جینے کے لیے	بابو گردھاری سنگھ	....

6 خانہ 'الف' کو خانہ 'ب' سے ملایئے 2

الف	ب
اپنا حصہ مانگیں گے	کہانی
بیساکھی	نظم
کاٹو کھیتاں کاٹورے	ڈرامہ
امتحان	لوک گیت

7 اشعار غور سے پڑھیے۔ **کھیتی باڑی** کے بارے میں لکھا ہوا شعر چن کر لکھیے۔ 2

a] گلشن میں رنگ تیرا ہر گل میں تیری بو ہے
ہر سمت تیرا جلوہ ہر شے میں تو ہی تو ہے

b کاٹو کھیتاں کاٹورے گھر گھر روٹی باٹورے
خون پسینہ پیرورے چاند ستارے کاٹورے

c] جھٹ پٹے کے وقت گھر سے ایک مٹی کا دیا
ایک بڑھیا نے سرِ راہ لاکے روشن کر دیا

8 نیچے چند ادیبوں کے نام ہیں۔ان میں سے **ترقی پسند شاعروں** کے نام چن کر لکھیے۔ 2

[فیض احمد فیض، پریم چند، بشیر بدر، سہیل عظیم آبادی]

9 سے 15 تک کے سوالوں سے کسی 5 کے جواب تین یا چار جملوں میں لکھیے۔ 5x3=15

9 کسان اپنے لیے نہیں کام کرتے ہیں۔ وہ ساری دنیا کے لیے محنت کرتے ہیں۔ 3
بچّو، کسان اور کھیتی باڑی کی اہمیت پر ایک نوٹ لکھیے۔

10 پیڑ فطرت کا وردان ہے۔ پیڑ کی حفاظت کرنا ہمارا فرض ہے۔ 3
آپ کے اسکول میں پیڑ کاٹنے کے خلاف ایک جلوس نکلنے والا ہے۔
بچّو، جلوس کے لیے تین نعرے تیار کیجیے۔

جیسے : پیڑ لگاؤ گرمی سے بچاؤ

11 ۵/جون ماحولیات کا دن ہے۔ آپ کے اسکول میں ایک سمینار ہونے والا ہے۔ اس پروگرام کا افتتاح ڈاکٹر اجمل صاحب کریں گے۔ اسکول لیڈر الطاف مقالہ پیش کریں گے۔ ہیڈ ماسٹر راج کمار صدارت کی کرسی سجائیں گے۔ بچّو، اشارے کی مدد سے اس پروگرام کے لیے ایک پوسٹر تیار کیجیے۔ 3

[اشارے: تاریخ، صدارت، مقالہ کی پیش کش، مہمانِ خصوصی]

12 عبارت غور سے پڑھیے۔ اشاروں کی مدد سے تین سوالات تیار کیجیے۔ 3

جنگل کے پاس ایک لکڑہارا تھا۔ اس کا نام رامو تھا۔ وہ ہر دن اپنی کلہاڑی لے کر جنگل جایا کرتا تھا۔ وہ جنگل سے لکڑیاں کاٹ کر لاتا اور بازار میں بیچ کر گھر چلا جاتا تھا۔

[اشارے: کہاں، کون، کیسا، کیوں، کیا کیا]

13 زندگی میں تندرستی کی بڑی اہمیت ہے۔ تندرستی کے لیے صفائی بھی ضروری ہے۔ بچّو، صفائی کی اہمیت پر آپ کیا کیا جانتے ہیں؟ اپنے خیالات لکھیے۔ 3

14 شعر غور سے پڑھیے۔ سوالوں کے جواب لکھیے۔ 3

جلووں سے اپنے یارب یہ دل بھی جگمگا دے
مجھ کو ازل سے تیرے جلووں کی آرزو ہے

a] بچّو، اس شعر کا شاعر کون ہے؟

b] اس شعر میں شاعر خدا سے دعا کرتے ہیں۔ آپ خدا سے کیا کیا دعا کرتے ہیں؟ تین جملے لکھیے۔

15 ہمارے گاؤں کے ندی نالوں کا پانی آج کل گندہ ہو رہا ہے۔ 3

بچّو، ندی نالوں کا پانی گندہ ہونے کی وجوہات کیا کیا ہیں؟ آپ کے خیالات لکھیے۔

16 سے 21 تک کے سوالوں سے کسی 4 کے جواب چار یا پانچ جملوں میں لکھیے۔ **4X4= 16**

16 کہانی 'جینے کے لیے' آپ نے پڑھی ہے نا؟ بابو گردھاری سنگھ اس کہانی کا ایک کردار ہے۔ 4

a] بچّو، اس کہانی کے اور دو کرداروں کے نام لکھیے۔

b] پسندیدہ ایک کردار کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

17 صاف شفاف ندیاں، دور دور تک پھیلے ہوئے کھیت، اونچے اونچے پہاڑ وغیرہ گاؤں کے دلکش نظارے دیکھ کر رافیل کا دوست سلیم شہر واپس آیا۔ سلیم کو دیکھ کر ابّا جان نے پوچھا۔ 4

اباّجان : بیٹا سلیم، تمہارا سفر کیسا تھا؟
سلیم : ....
بچّو، سلیم اور اباّجان کی گفتگو آگے بڑھائیے۔

18 جاوید میاں کا بیٹا نیوزلینڈ میں کام کرتا ہے۔ جاوید میاں اپنے گاؤں کی حالت بتاتے ہوئے بیٹے شکیل کے نام ایک خط لکھنا چاہتا ہے۔ 4
بچّو، شکیل کے نام اباّجان کا خط تیار کیجیے۔

19 اشاروں کی مدد سے فیض احمد فیض کے بارے میں سوانحی نوٹ تیار کیجیے۔ 4

نام	:	فیض احمد فیض
پیدائش	:	۱۹۱۱ء سیال کوٹ
شہرت	:	ترقی پسند شاعر
مجموعہ کلام	:	نقشِ فریادی، دستِ صبا، زنداں نامہ
انتقال	:	۱۹۸۴ء کولاہور میں

20 4
ندی نالے موڑیں گے آؤ چٹاناں توڑیں گے
کھیت میں پانی جوڑیں گے پیاسی پیاسی کھیتی ہے

a] بچّو، اس شعر کا شاعر کون ہے؟
b] شاعر اس میں کسان اور کھیتی باڑی کے بارے میں بیان کرتے ہیں۔
شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔

21 فرنانڈز ایک ایوارڈ یافتہ کسان ہے۔ وہ اپنے کھیت میں مختلف اناج اور ترکاریاں اگاتے ہیں۔ 4
بچّو، اگر آپ کو ان سے ملنے کا موقع ملا تو آپ ان سے کیا کیا سوال کریں گے؟ چار سوالات تیار کیجیے۔
[اشارے: کیا کیا، کتنا، کیوں، کہاں، کیسا]